© rasailojaraid.com


# تعارف کتب

☆ **قیادت و سیادت**، مرتب: اختر حجازی۔ الفیصل ناشران، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات ۲۹۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [نوعیتِ کتاب کی وضاحت کے لیے عنوان کتاب کے ساتھ قوسین میں یہ ضمنی توضیح درج ہے۔ ''سید مودودی کے اعزاز میں دیے گئے تاریخی استقبالیے''۔ اس سے یہ تاثر ہوتا ہے کہ شاید یہ تاریخی استقبالیوں کی تفصیل اور روداد ہے لیکن یہ دراصل مولانا مرحوم کی وہ تقاریر ہیں جو مختلف مواقع پر، مختلف شہروں میں ان کے اعزاز و استقبال میں منعقدہ جلسوں میں پیش کردہ سپاس ناموں کے جواب میں کی گئیں --- ممکنہ حد تک مقام اور تاریخ بھی دی گئی ہے۔ تقریباً ساری ہی تقریریں ایشیا اور آئین سے اخذ کردہ ہیں۔ ان جلسوں میں بعض اکابر (مولانا محمد چراغ، مفتی سیاح الدین کاکاخیل، اے کے بروہی وغیرہ) نے جو تاثراتی کلمات ادا کیے، وہ بھی شامل ہیں۔]

☆ **اسلام اور دہشت گردی**، ڈاکٹر خالد علوی۔ دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، پوسٹ بکس ۱۴۸۵، اسلام آباد۔ صفحات: ۴۷۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [مسلم اُمہ پر انتہا پسندی، تشدد پسندی اور دہشت گردی کے الزامات کا علمی و فکری دفاع۔ اسلام کا مزاج امن اور اعتدال کا ہے، اپنا دفاع اسلام کا حق ہے، یہی جہاد ہے۔ اپنے موضوع پر ایک موثر علمی تحریر۔]

☆ **ششماہی التّراث**، مدیر مسئول: شیخ عبدالواجد عبداللہ، مدیر التحریر: عبدالرشید صدیقی۔ ناشر: جامعہ دارالعلوم بلتستان، غواڑی، شمالی علاقہ جات۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ [پاکستان کے شمالی علاقہ جات، مستقبل میں استعماری قوتوں کے اہداف کا مرکز بنتے نظر آتے ہیں۔ گذشتہ دو برس کے دوران وہاں نصابی حوالے سے کش مکش اور پھر آغا خان فاؤنڈیشن کے مخصوص عزائم ایسے موضوعات ہیں جن پر اہل پاکستان گہری تشویش میں مبتلا ہیں۔ یہ مجلہ اُن علاقوں میں اہلِ حدیث مسلک کی مؤثر ترجمانی کرتا ہے اور لکھنے والوں نے محنت سے مضامین لکھے ہیں۔]

☆ **تدریسی قدر پیمائی**، محمد رفیق وڑائچ۔ ناشر: اردو سائنس بورڈ، ۲۲۹ اپر مال، لاہور۔ صفحات: ۱۸۰۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔ [قدر پیمائی (Evaluation in Education) کے موضوع پر، مصنف کے نتائجِ مطالعہ اور ذاتی تجربات و مشاہدات۔ ایک پیشہ ورانہ جامع مطالعہ، جس میں مصنف کا، ملی اور اخلاقی نصب العین کا زاویۂ نظر نمایاں ہے۔ اساتذہ کے لیے ایک عمدہ راہ نما کتاب۔]

☆ **قرآنی دعاؤں کا انسائی کلوپیڈیا**، محمد شریف بقا۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۵۷۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [دعاؤں کا مجموعہ، آیاتِ قرآنی کا متن، ترجمہ، الفاظ و حروف کے معانی، دعا کا مفہوم، اہم نکات۔ ایک مفید مجموعہ۔]

© rasailojaraid.com